Key Book

Class: ___Two______________ **Subject**: _Urdu_______

سبق نمبر۱: حمد۔

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
تن	جسم	نقش	نشان
رہنما	راستہ دکھانے والا	آسرا	سہارا
مراد پانا	مقصد میں کامیاب ہونا		

تفہیم

۱۔ان سوالات کے مختصر جوابات دیں:

الف۔ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے،اسے حمد کہتے ہیں۔

ب۔ خدا کی قدرت کے نظارے ہر جگہ نظر آتے ہیں۔

ج۔ بھولے بھٹکوں کا رہنما اللہ تعالیٰ ہے۔

۲۔ نظم کے مطابق درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کریں۔

ا۔ زمیں ب۔ نظارے ج۔آسرا

د۔ جھکاتے ہ۔ مراد

الفاظ سازی

۳۔ حمد میں سے چار حرفی الفاظ چن کر لکھیں اور ان کے حروف الگ الگ کریں۔

ا۔زمین: ز م ی ن

۲۔دنیا: د ن ی ا

۳۔چاند: چ ا ن د

۴۔قدرت؛ ق د ر ت

زبان دانی

۵۔ نظم کے مطابق دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔

آسمان جہان	تارے سنوارے	سناتے جھکاتے	دوا ہوا

یاد رکھیں!

س۔ ہم آواز الفاظ کسے کہتے ہیں؟

ج۔ ایک جیسی آواز والے الفاظ کو ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔

۵۔ دیے گئے مذکر الفاظ کے مونث لکھیں۔

مذکر	مونث	مذکر	مونث
استاد	استانی	شیر	شیرنی
ماموں	ممانی	ہاتھی	ہتھنی
مور	مورنی		

لکھائی کی مہارت:

۶۔ اللہ تعالیٰ کی دی گئی پانچ نعمتوں کے نام لکھیں۔

ا۔ پانی ۲۔ ہوا ۳۔ خوراک ۴۔ پھل

۵۔ سبزیاں

سبق نمبر۲۔ نعت

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اصول	طریقہ	ہم کلام	آپس میں بات کرنا
ہدایت	رہنمائی، راستہ دکھانا	عرش	چھت، تخت، آسمانوں سے اوپر وہ جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کا تخت ہے۔

تفہیم

ا۔ نظم کے مطابق مناسب الفاظ چنیں اور مصرعے مکمل کریں۔

ا۔ جان ۲۔ راستہ ۳۔ رب ۴۔ عرش

۵۔ درود

الفاظ سازی

۲۔ سبق میں سے ایسے پانچ الفاظ چن کر لکھیں جن میں ہ موجود ہے۔

ہ: وہ ہمیں ہدایت ہزاروں ہم

۳۔ الفاظ کے حروف کو الگ الگ کر کے لکھیں۔

ا۔وہ: و ہ

۲۔ ہمیں: ہ م ی ں

۳۔ہدایت: ہ د ا ی ت

۴۔ہزاروں: ہ ز ا ر و ں

۵۔ہم: ہ م

زبان دانی:

۶۔ پھول میں دیئے گئے الفاظ جملوں میں لگا کر سوالیہ جملے مکمل کریں۔

۱۔ تم بیمار ہو۔ کیا تم بیمار ہو؟

۲۔ امی جا رہی ہیں۔ کیا امی جا رہی ہیں؟

۳۔ ہم سیر کرنے جائیں گے۔ ہم سیر کرنے کہاں جائیں گے؟

۴۔ آپ پیدل جا رہے ہیں۔ آپ پیدل کیوں جا رہے ہیں؟

۵۔ تالاب کا پانی گندا ہو گیا۔ تالاب کا پانی کیسے گندا ہو گیا؟

یاد رکھیں!

س۔ سوالیہ جملے کسے کہتے ہیں؟

ج۔ ایسے جملے جن میں کوئی بات پوچھی جائے سوالیہ جملے کہلاتے ہیں؟

۵۔ دیے گئے الفاظ کے سامنے ان کے ہم آواز الفاظ چن کر لکھیں۔

چلا، سلام، اصول، دکھایا

رسول، اصول	بچایا دکھایا	ہم کلام سلام	دعا چلا

۶۔ ان الفاظ کے جملے لکھیں۔

الفاظ	جملے
کتاب	قرآن پاک مقدس کتاب ہے۔
رب	اللہ ہمارا رب ہے۔
ہدایت	آپ ﷺ نے ہمیں ہدایت کو راستہ دکھایا۔
سہارا	غریبوں کا سہارا اللہ تعالیٰ ہے۔
دعا	ہم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں۔

سبق نمبر ۳: تمام جہانوں کے لیے رحمت

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
پڑاو ڈالنا	ٹھہرنا، قیام کرنا	بلبلا اٹھنا	تڑپنا۔ بے قرار ہونا
امت	ایسی جماعت جو کسی نبی کی پیروی کرے	نڈھال	سست ۔ تھکا ہوا
تلقین کرنا	سکھانا، نصحیت کرنا	حسن سلوک	اچھا رویہ

تفہیم:

۱۔ ان سوالات کے مختصر جوابات دیں:

الف۔ علی سارا دن دوستوں کے ساتھ کھیلتا رہا اور سکول کا کام کرتا رہا اس لیے مانو کو بھول گیا۔

ب۔ رحمت للعالمین کا مطلب ہے تمام جہانوں کے لیے رحمت

ج۔ اونٹ نے نبی کریم ﷺ سے کہا کہ میرا مالک مجھے بھوکا رکھتا ہے اور بہت کام کرواتا ہے۔

د۔ آگ بجھانے کا حکم آپ ﷺ نے دیا۔

ہ۔ نبی کریم ﷺ نے آگ بجھانے کا اس لیے کہا کہ کہیں چیونٹیوں کو تکلیف نہ ہو، یا وہ جل نہ جائیں۔

۲۔ دیئے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں۔

ا۔ رحمت: ر ح م ت

۲۔ امت: ا م ت

۳۔ نڈھال: ن ڈ ھا ل

۴۔ شکایت: ش ک ا ی ت

۵۔ بلبلانا: ب ل ب ل ا ن ا

یاد رکھیں!

س۔ اسم صفت کسے کہتے ہیں؟

ج۔ وہ لفظ جو کسی اسم کی اچھائی یا برائی بیان کرے اسم صفت کہلاتا ہے۔

زبان دانی

ا۔ اسم خاص کسے کہتے ہیں؟

وہ اسم جو کسی خاص جگہ، چیز یا شخص کے نام کو ظاہر کرے اسم خاص کہلاتا ہے۔ مثلاً لاہور

۲۔ اسم عام کسے کہتے ہیں؟

وہ اسم جو کسی عام جگہ چیز یا شخص کے نام کو ظاہر کرے اسم عام کہلاتا ہے۔ مثلاً شیر

۳۔ سبق میں سے پانچ اسم ڈھونڈ کر لکھیں۔

بلی۔ اسکول۔ باغ۔ چولھا آگ

۴۔ تصویروں کو دیکھیں اور مناسب اسم صفت کے گرد دائرہ لگائیں۔

ٹھنڈا بڑا نرم ہرا

۵۔ ان الفاظ کے جملے بنائیں

الفاظ	جملے
پریشان	علی آج بہت پریشان ہے۔
پڑاو	ہماری فوج نے دشمن کے قلعے پر پڑاو ڈالا
مالک	اللہ ہمارا مالک ہے۔
تلقین	علی نے عمر کو پڑھائی کی تلقین کی۔
مخلوق	ہم سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔